اخبار و افکار

وقائع نگار

۹ فروری :

ڈائرکٹر ادارۂ تحقیقات اسلامی جناب ڈاکٹر محمد صغیر حسن معصومی نے گورنمنٹ گرلز کالج سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں مقابلۂ حسن قرءت کی ایک تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انھوں نے اپنی صدارتی تقریر میں تجوید و تلاوت قرآن اور تعلیمات قرآن برائے نسواں پر روشنی ڈالی۔

۱۳ فروری :

اکیڈمک کمیٹی کے چیرمین جناب ڈاکٹر ممتاز حسن ادارہ تشریف لائے۔ کارکنوں سے ملاقات کی اور متعلقہ مسائل پر گفتگو کی۔

۲۰ فروری :

ایشیا فاؤنڈیشن کے ایک نمائندے مسٹر لوئیس لیزاروف (Louis Lazaroff) نے ڈائرکٹر سے ملاقات کی۔ اور خاندانی منصوبہ بندی کے موضوع پر اسلامی نقطۂ نظر نیز اضافہ آبادی کی جہت سے گفتگو کی۔ تقریباً ایک گھنٹہ تک اس کی اهمیت و ضرورت پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

۲۷ فروری :

شام همدرد کی ماهانه تقریب میں ڈائرکٹر ادارۂ تحقیقات اسلامی نے تقریر کی۔ موضوع تھا ''علامه علی المتقی (م ۹۷۵ھ)''۔ ادارے هی کے ایک فاضل رکن مولانا عبدالقدوس هاشمی نے جلسے کی صدارت کی۔

————*